5322 - پانچ ماہ کےلیے اپنے خاوند سے دور سفرپر جانا چاہتی ہے

سوال

کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ وہ پانچ ماہ یا اس سے بھی زیادہ اپنے خاوند سے دورسفر پر جاسکے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

جب خاوند اوربیوی دونوں اس پر راضی ہوں تو اس میں کوئي حرج نہیں لیکن اگرخاوند اوربیوی کا آپس میں ایک دوسرے سے دوررہنے کی بنا پر کوئي شرعی محذور اورممانعت ہوتو پھر جائز نہیں مثلا:

دونوں میں سے کسی ایک کا حرام کام میں پڑنا ، یا پھر اولاد کی تربیت کا ضیاع وغیرہ تو اس صورت میں ان دونوں کا ایک دوسرے سے دور رہنا جائزنہیں ، اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(نہ توخود نقصان اٹھاؤ اورنہ ہی کسی دوسرے کونقصان پہنچاؤ) ۔

واللہ اعلم.